موسم کی صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کے لئے زرعی سفارشات

محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان اور محکمہ موسمیات پاکستان اسلام آباد کا مشترکہ منصوبہ

30مارچ سے 1اپریل2026

موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب میں اکثر اضلاع میں مطلع جزوی ابر آلود اور بعض مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ دن کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 18 سے 33ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ رات کو کم سے کم 14 سے 21 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ ہوا کی اوسط رفتار 7 سے 23 کلومیٹر فی گھنٹہ رہنے کا امکان ہے۔ موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق زرعی سفارشات درج ذیل ہیں۔

کپاس

موسم کی صورتحال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کپاس کی فصل کی بروقت بجائی کے لئے زمین کی تیاری کریں۔ پچھلی فصل کے باقیات کو زمین میں ملائیں تاکہ بجائی میں دشواری نہ ہو۔ بجائی کے لئے علاقے کی مناسبت سے منظور شدہ اقسام کا اچھی کوالٹی کے بیج کا انتخاب کریں۔ منظور شدہ اقسام میں سی کے سی 1، سی کے سی 3، سی کے سی 6، سائیٹو537، ایم این ایچ1050، نیاب 1011، نیاب سناب ایم، سی آئی ایم 785 ،آئی آر نیبجی19، یف ایچ انمول۔ بی ایس52 قابلِ ذکر ہیں۔ کھیلیوں پر کاشت کے لئے 75 فیصد سے زائد اگاؤ والا بیج 6 سے 8 کلو گرام استعمال کریں۔ کھیلیوں کے درمیان فاصلہ اڑھائی فٹ اور پودوں کے درمیان فاصلہ 12 انچ رکھیں۔ ریتلے علاقے جہاں کپاس کی کاشت بذیعہ ڈرل کی جاتی ہے وہاں راؤنی بھر کے کریں اور کپاس کی کاشت تروتر میں کریں۔ ڈرل کاشتہ فصل میں بیج 2 سے 3 کلوگرام فی ایکڑ زیادہ استعمال کریں۔ ضرورت سے زیادہ 10 فیصد بیج کا بندوبست کریں تاکہ ناغے پر کیے جاسکیں۔ بیج کو کیڑوں اور بیماریوں سے تحفظ کے لئے زہر آلود کریں اور بجائی کے لئے استعمال کریں۔

گندم

زرعی زہروں کے استعمال کے بعد بچ جانے والی جڑی بوٹیوں خاص طور پر دمبی سٹی اور جنگلی جئی کو ہاتھ سے تلف کریں تاکہ ان جڑی بوٹیوں کے بیج پک کر گندم کے ساتھ نہ مل جائیں۔

کماد

کماد کی بہاریہ کاشت جلد از جلد مکمل کریں۔ دیر سے کاشتہ فصل میں 10 سے 15 فیصد بیج کا اضافہ کریں۔ کاشت کے لئے منظور شدہ اقسام کا بیج استعمال کریں۔ کماد کی بجائی 4 فٹ کے فاصلے پر بنائی گئی گہری کھیلیوں اور کھلے سیاڑوں میں کریں اور ہر کھیلی میں سموں کی دو قطاریں لگائیں۔ کاشت کے لئے 2 آنکھوں والے سمے 30 ہزار اور 3 آنکھوں والے سمے 20 ہزار استعمال کریں۔ اس کے لئے 12 سے 16 مرلہ کماد درکار ہو گا۔ بجائی کے لئے 3 فیصد ٹاپسن ایم کے محلول میں ڈبو کر کماد کی کاشت کے لئے استعمال کریں۔ کماد کی کاشت کے ایک تا دو دن بعد وتر حالت میں محکمہ زراعت کی مشاورت سے اگاؤ سے پہلے والی جڑی بوٹی مار ادویات کا سپرے کریں۔

آم

آم کے پودوں پر پھل بننے کا عمل اختتامی مراحل میں ہے۔ جن پودوں پر بٹور واضح ہے بٹور کو کاٹ کر باغ کے باہر منتقل کریں۔ آم کے تیلے اور تھرپس کے تدارک کے لئے محکمہ زراعت کے عملہ کی مشاورت سے سپرے کریں۔ بیمار اور کمزور پودوں کی صحت کی بحالی کے لئے پودوں کی چھتری کے نیچے تنے سے 10 فٹ کے فاصلے پر کھالی (ٹرینچ) بنائیں۔ بڑے باغ میں نئے / چھوٹے پودوں میں حفظانی تہہ (ملچ) کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ باغ میں زمینی لیول کو بہتر بنائیں۔